© rasailojaraid.com



تعلیم یافتہ لوگوں کے اذہان میں کسی قسم کے شکوک و شبہات سرے سے پیدا ہی نہ ہوسکیں ۔ یہ کتاب بلا شبہ اس سلسلہ میں ایک اچھی اور بہت اچھی کوشش ہے، اللہ تعالیٰ اس کے نفع کو زیادہ سے زیادہ عام کرے اور ہم سب کو ہر قسم کی لغزشوں سے محفوظ رکھے ۔

محمود احمد غازی

---

اللہ کے حکم : مولف : حافظ نذر احمد صاحب

صفحات ۹۶ تقطیع ۲۰ — ۳۰ - ۱۶ قیمت دو روپیہ (تدریس القرآن ٹرسٹ گوجرانوالہ چھاؤنی کی طرف سے بلا معاوضہ مل سکتی ہے ۔)

ناشر : مسلم اکادمی نذر منزل ۲۹ - ۱۸ محمد نگر لاہور ۔

یہ کتاب بچوں کے لئے لکھی گئی ہے اور قرآنی تعلیمات کے ۸۰ احکامات پر مشتمل ہے جن میں سے ۴۰ اوامر اور ۴۰ نواہی ہیں ہر حکم سے متعلق قرآنی آیت کا حصہ مع حوالہ درج کرکے اس کتاب کا ترجمہ دینے کے بعد آسان عبارت میں اس امر یا نہی کی حکمت بتائی ہے ۔ انتخاب و ترتیب مضامین میں بچوں کی صلاحیت کا لحاظ رکھا گیا ہے ۔

امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ امت مسلمہ کو لامتناہی ذمہ داریوں سے جہاد مسلسل کے ذریعہ عہدہ برا ہوتے رہنے کی تعلیم دیتا ہے ۔ یہی کلمہ توحید " لاالہ الااللہ " کا خلاصہ ہے معاشرے کو رذائل و شر سے پاک کرکے فضائل و خیر کی طرف بڑھاتے رہنا ہی اسلامی تعلیمات کی روح ہے نئی نسل کو اس انداز سے تربیت دینے کے بعد ہی ہم اسے معرکۂ خیر و شر میں جہاد مسلسل کرنے کے قابل بناسکتے ہیں ۔

---

© rasailojaraid.com